رول نمبر:....................

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

# اُردو (لازمی) (انشائی) گروپ دوسرا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

## (حصّہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے: 01,01,08

اجڑا سا وہ نگر کہ ہڑپّا ہے جس کا نام — اس قریۂ شکستہ و شہرِ خراب سے
عبرت کی اک چھٹانک برآمد نہ ہو سکی — کلچر نکل پڑا ہے منوں کے حساب سے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے: 01,09

عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنا مت پوچھ — عیدِ نظارہ ہے شمشیر کا عریاں ہونا
لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط — تُو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں ہونا
کی مِرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ — ہائے اس زُود پشیماں کا پشیماں ہونا

## (حصّہ دوئم)

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح سیاق وسباق کے حوالے سے کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,03,10

(الف) دو لونگیں، اس کے ساتھ دو ورق کی حکایتِ دلچسپ۔ مزاج دار دل وجان سے معتقد ہو گئیں۔ مُجّن تو لونگیں دے کر رخصت ہوئی، مزاج دار بہو نے غسل کر، کپڑے بدل، خوشبو لگا، ایک لونگ بسم اللہ کر کے اپنی چوٹی میں باندھی اور میاں کے پلنگ کی چادر اور تکیوں کے غلاف بدل ایک لونگ کسی تکیے میں رکھ دی۔ محمد عاقل جو گھر آیا، بی بی کو دیکھا صاف ستھری، پلنگ کی چادر بے کہے بدلی ہوئی۔ خوش ہوا اور التفات کے ساتھ باتیں کرنے لگا۔

(ب) ایوب سے محبت کر کے جیسے دل کو تسکین ہو جاتی تھی، ایک طرح کی پُر افتخار اور اطمینان بخش تسکین۔ جیسے یہ احساس کہ ہم میں بھلائی کرنے یا بلند ہونے کا جذبہ یا استعداد ہے۔ ایوب سے محبت نہ کیجیے یا ان کی عزت نہ کیجیے تو یہ محسوس ہوتا کہ ہم میں شریفانہ جذبات یا احساس ذمے داری کی کمی ہے۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) پہلی فتح (ii) ہوائی 01,09

5۔ جوش ملیح آبادی کی نظم "سراغِ راہرو" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے: 20

(i) عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی (ii) توانائی کا بحران اور اس کا حل (iii) والدین کا احترام

7۔ ایک پرانے کوٹ کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔ 10